سوال

(170) حاجیوں پر زیارت قبر شریف نبوی کا حرام یا مکروہ ہونا۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حاجیوں پر زیارت قبر شریف نبوی کا حرام یا مکروہ ہونا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

:... حاجیوں پر زیارت قبر شریف کو کوئی مسلمان حرام وناجائز نہیں کہتا نہ کسی نے ایسا لکھا ہے، البتہ اہل حدیث وبیشتر فقہاء معتمدین یہ کہتے ہیں کہ حاجیوں پر صرف ادائے حج کعبہ فرض وواجب ہے، زیارت قبر نبوی واجب نہیں بلکہ مستحب یا مسنون ہے۔ اگر کوئی شخص حج صرف پر اکتفا کرے اور زیارت کے لیے نہ جاوے تو اس کے حج میں کچھ نقصان نہیں اور نہ وہ گناہ گار ہوتا ہے۔ اور زیارت کے بارے میں جو روایتیں مشہور ہیں اور ان میں بعض موضوع اور جعلی اور بعض ضعیف اور متروک ہیں۔ اس کی تفصیل بہت سی کتابوں میں ہو چکی ہے۔

(فتاویٰ ازغام المبتدعین ص ۱۴)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 05 ص 283

محدث فتویٰ